نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ساہیوال ڈویژن میں ہدف کے مطابق 85 فیصد رقبہ کپاس کے زیر کاشت لایا جا چکا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:19مئی2023(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت کا ہدف مکمل کرنے کیلئے ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت کی فیلڈ ٹیمیں و دیگر متعلقہ محکمے ون یونٹ کے طور پر کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہیں۔ کپاس کی کاشت کے لئے رواں ماہ نہایت اہمیت کا حامل ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات کے مطابق کپاس کی کاشت سے چنائی تک تمام متعلقہ محکمے کاشتکاروں کی معاونت جاری رکھیں گے۔وہ آج کمشنر آفس ساہیوال میں کپاس کی کاشت کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ ڈویژنل مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) انعام الحق، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر ساہیوال ڈویژن چوہدری شہباز سمیت دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ و پاکپتن نے آن لائن شرکت کی۔اجلاس کے دوران شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ امسال ساہیوال ڈویژن میں کپاس کی کاشت کا ہدف 1 لاکھ 40 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس میں سے 1 لاکھ 18 ہزار 3 سو 40 ایکڑ رقبہ پر کپاس کاشت کی جا چکی ہے جو کہ ہدف کا 85 فیصد ہے۔اس کے علاوہ ساہیوال ڈویژن میں کپاس کی کاشت کے دوران 500 کیوسک پانی فراہم کیا جا رہا ہے جو زرعی ضرویات کیلیے کافی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کے پیداواری اہداف کے حصول کے لئے تمام اداروں کو قومی جذبہ کے تحت اپنی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی۔کاٹن ایکشن پلان 24-2023 پر عملدرآمد سے 3 ارب ڈالرز زرمبادلہ کا حصول ممکن ہوگا جس سے ملکی معیشت کو استحکام حاصل ہوگا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کپاس کے سیزن کے دوران معیاری زرعی مداخل کی مارکیٹ میں دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور اس ضمن میں کھاد، بیج اور زرعی ادویات کے ڈیلرز سے متعلق معلومات کا ریکارڈ تیار کیا جائے۔اس موقع پر کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایات پر کپاس کیلئے ساہیوال ڈویژن کی تمام تحصیلوں میں ایک سہولت مرکز قائم کیا گیا ہے اور مجموعی طور پر ساہیوال ڈویژن میں 7 سہولت مرکز قائم کئے گئے ہیں جہاں سے کپاس کے کاشتکاروں کیلئے معیاری زرعی لوازمات دستیاب ہیں۔

☆☆☆☆